# پاکستان نظریاتی پارٹی

# منشور





**شہیر حیدر ملک سیالوی**

چیئرمین پاکستان نظریاتی پارٹی

Scanned with CamScanner

# پاکستان نظریاتی پارٹی

# منشور

## اہم نکات

## 1- تعلیمی اصلاحات

## دو نہیں ایک پاکستان

☆ پاکستان نظریاتی پارٹی اس امر کو یقینی بنائے گی کہ سرکاری ملازمین کے بچوں کیلئے لازمی قرار دیا جائے کہ وہ دسویں جماعت تک سرکاری سکولوں میں تعلیم حاصل کریں تاکہ طبقاتی نظام کا صحیح معنوں میں خاتمہ ہو سکے تب ہی دو نہیں ایک پاکستان کا قیام یقینی بنے گا۔

☆ طبقاتی نظام کے خاتمے اور امیر غریب کے فرق کو مٹانے کی کوششوں میں دوسرے نمبر پہ یونیورسٹی میں یونیفارم لازمی قرار دیا جائے گا تا کہ تعلیمی قابلیت اور ذہانت کو ترجیح دی جائے نہ کہ ظاہری لباس کو اور کسی غریب کا بچہ لباس کی وجہ سے احساس کمتری کا شکار نہ ہو۔

Scanned with CamScanner

## 2- خودمختار پاکستان

پاکستان نظریاتی پارٹی ایسا پاکستان چاہتی ہے جو خودمختار ہو اور اپنے فیصلے خود کرے کسی قسم کے بیرونی دباؤ میں نہ آئے وہ صرف تب ہی ممکن ہے جب ہم وطن عزیز کو قرضوں سے پاک کریں گے اس سلسلے میں ہم یہ قانون لائیں گے کہ جس شخص کے اثاثہ جات پانچ (5) کروڑ سے زائد ہوں اس کا 5% (پانچ فیصد ) ریاست کی ملکیت / پراپرٹی اور جس شخص کے اثاثہ جات 10 کروڑ یا اُس سے زیادہ ہوں اُس کا 10 فیصد ریاست کی ملکیت / پراپرٹی ہوگی۔ قوم کو ریاست کی عزت اور وقار کیلئے یہ قربانی دینی ہوگی۔

## 3- لسانیت اور فرقہ واریت کا خاتمہ

ہماری قوم کو ہمیشہ Divide and Rule کی پالیسی پر تقسیم کیا گیا جس کی وجہ سے ہم قائداعظم کی رحلت کے بعد آج تک ایک قوم نہ بن پائے اور ہمیں ایک ہجوم کی صورت میں ہی رکھا گیا۔ پاکستان نظریاتی پارٹی ملک میں لسانیت اور فرقہ واریت کے خاتمے کیلئے اپنا کلیدی کردار ادا کرے گی۔

## 4- جاگیردارانہ نظام ورموروثی سیاست کا خاتمہ

1857ء کی جنگ آزادی سے لے کر تقسیم ہند اور قیام پاکستان سے لے کر آج تک نواب، جاگیردار وڈیرے ہم پر قابض رہے پھر ان کی اولادیں اور پھر ان کی اولادیں ہم پر حکومت کرتی رہیں ان تمام نسلوں نے ہم پر حکومت کی ہے جن کو عام انسان کے مسائل کا ادراک

Scanned with CamScanner

نہیں ہے۔ پاکستان کا نظام اس وقت تک بہتر نہیں ہو سکتا جب تک اس جاگیردارانہ نظام اور موروثی سیاست کا خاتمہ نہیں کیا جاتا۔ اس سلسلے میں پاکستان نظریاتی پارٹی آنے والے انتخابات میں 70 فیصد ٹکٹ نوجوانوں کو دے گی جو کہ جاگیردارانہ نظام اور موروثی سیاست کے خاتمے کیلئے ایک انقلابی قدم ہوگا اور اس سلسلے میں کلیدی اور اہم کردار ادا کرے گی۔

## 5-مدراس کی پالیسی

پاکستان نظریاتی پارٹی کا وفد تمام مدارس کے سربراہان سے ملاقات کر کے اس بات پر قائل کرنے کی کوشش کرے گا کہ درس نظامی کرنے والے ہر عالم دین پر یہ لازم قرار دیا جائے کہ اُردو اور عربی کے علاوہ انگریزی (English)، فرانسیسی French، جرمن (German)، روسی (Russian)، فارسی (Persian)، چینی (Chinese) اور بنگالی (Bengali) میں سے کسی ایک زبان پر بھی عبور حاصل کرے بین الاقوامی اور دوسرے ملکوں اور قوموں کی زبان پر عبور حاصل کر کے اسلام کا پیغام دنیا کے کونے کونے میں پہنچ سکے گا اس سلسلے میں (National University of Modern Langueges) NUML یونیورسٹی اور HEC سے رضا کارانہ طور پر ان کی خدمات حاصل کرنے کی درخواست کی جائے گی۔

☆ Counter Atheism کے موضوع پر چھ ماہ کا کورس شامل کروانے کی تجویز پیش کی جائے گی۔

## 6- کشمیر پالیسی

☆ پاکستان نظریاتی پارٹی کا یہ ماننا ہے کہ کشمیر کشمیریوں کا ہے اور اس کا فیصلہ وہ خود کریں گے

Scanned with CamScanner

بحیثیت پاکستانی اپنے کشمیری بھائیوں سے ہمارا رشتہ نہ تو پانی کی لالچ کا ہے اور نہ وہاں کی قدرتی خوبصورتی اور قدرتی و زمینی ذخائر حاصل کرنے کا ہے ہمارا رشتہ کلمہ طیبہ کی بنیاد پر ہے یہ وہ روحانی رشتہ ہے جو خونی رشتوں سے بڑھ کر ہوتا ہے۔

☆ بھارت کی مقبوضہ کشمیر کے اندر (Colonialism اور Colonical Agenda) جس کے تحت پورے بھارت سے پنڈتوں کو لا کر کشمیر میں بسایا جا رہا ہے تا کہ آج سے پانچ چھ سال بعد اگر مقبوضہ کشمیر میں (Referendum) یا استصواب رائے ہوتا ہے تو کثرت رائے سے ووٹ بھارت کے حق میں آ سکیں۔

پاکستان نظریاتی پارٹی پوری دنیا میں اپنے Overseas Pakistani) بیرون ملک پاکستانیوں کے ذریعے اور اپنے (Overseas Chapters) کے ذریعے کشمیریوں کے حق خود ارادیت کے حصول کیلئے اقوام متحدہ کو (Plebiscite) رائے شماری کرانے پر آواز اُٹھائے گی اور بھارت کا مکروہ چہرہ دنیا کو دیکھائے گی۔

## 7-خاجہ پالیسی

پاکستان تمام ممالک بشمول ہمسائیہ ممالک کے ساتھ اچھی دوستانہ اور برابری کی بنیاد پر پالیسی اختیار کرے۔ یہ پاکستان نظریاتی پارٹی کے منشور میں شامل ہے لیکن ہم نہ کبھی کشمیر پر سودہ بازی ہونے دیں گے اور نہ کبھی نظریہ پاکستان پر سمجھوتہ کریں گے اور نہ ہی فلسطین کے معاملے پر پیچھے ہٹیں گے۔ خارجہ پالیسی برابری کی بنیاد پر ہونی چاہئے۔

Scanned with CamScanner

## 8-سیاحت کا فروغ

پاکستان نظریاتی پارٹی کے منشور میں شامل ہے کہ ملک کے اندر سیاحت کو فروغ حاصل ہو، ملک کے قدرتی حسن اور نظاروں کی یہاں کی تہذیب، زبان، کلچر اور ورثے کی حفاظت کی جائے پاکستان کی ٹریڈ بڑھے اور پوری دنیا کے سامنے پاکستان کا مثبت چہرہ لایا جائے اور یہاں کی اصل خوبصورتی دنیا کو دکھائی جائے۔

## 9-بیرون ملک مقیم پاکستانی (Overseas Pakistani)

بیرون ملک مقیم پاکستانی، پاکستان کا قیمتی اثاثہ ہیں لیکن بدقسمتی سے ان کے ساتھ پچھلی کئی دہائیوں سے سوتیلی اولاد جیسا سلوک کیا جا رہا ہے۔ پاکستان نظریاتی پارٹی کے منشور میں شامل ہے کہ بیرون ملک پاکستانی جو قربانیاں اپنے خاندان کیلئے دے رہے ہیں اور ملک کی معیشت کو جتنا فائدہ ان سے حاصل ہوتا ہے ان کی ملک کیلئے دی جانے والی خدمات کو تسلیم کیا جائے اور ان کی شکایات کو دور کرنے کیلئے عملی اقدامات کئے جائیں اور باقاعدہ پالیسی بنائی جائے۔

Scanned with CamScanner

## 10-فروغ اُردو زبان

ہم ہیں تہذیب کے علمبردار

ہم کو اُردو زبان آتی ہے

کسی بھی قوم کی پہچان اور ضامن اس کی قومی زبان ہوتی ہے لیکن بد قسمتی سے ہم نے قومی زبان پر بین الاقوامی زبان کو ہمیشہ ترجیح دی جبکہ اُردو دنیا میں بولی جانے والی زبانوں میں سب سے زیادہ بولی جانے والی ایک زبان ہے دنیا میں تقریباً دو ارب لوگ اردو بولتے ہیں جس میں سے بڑی تعداد ہندوستانی اور پاکستانیوں کی ہے۔قومیں اپنی غیرت و وقار بحال کرنے کے قابل ہوتی ہیں جب وہ اپنی قومی زبان کو فروغ دیتی ہیں اس سلسلے میں پاکستان نظریاتی پارٹی یہ قانون لے کر آئے گی کہ (CSS) اور مقابلے کے امتحان میں اس امتحان کو اپنی قومی زبان میں دینے کا آپشن رکھا جائے۔

## 11- سپیشل کوٹا Blochistan, Interior Sindh,

South Punjab KPK(Ex Fata) پاکستان نظریاتی پارٹی کے منشور میں شامل ہے کہ خیبر پختونخواہ میں گزشتہ فاٹا، ساؤتھ پنجاب، اندرون سندھ اور بلوچستان کے علاقوں کے طلبہ وطالبات کیلئے پاکستان کی تمام سرکاری یونیورسٹیوں اور میڈیکل کالجوں میں الگ اور (Special) کوٹا مختص کرایا جائے تاکہ وہاں کے محنت کش اور خوددار لوگوں کی

Scanned with CamScanner

پسماندگی کو دور کیا جا سکے۔

## 12-ناموس رسالت اور ختم نبوت صلی اللہ علیہ وسلم

☆پاکستان نظریاتی پارٹی کے بانیوں اور جن نوجوانوں نے یہ پلیٹ فارم حل کر بنایا ہے ان کا ماضی دیکھا جائے تو انہوں نے نہ کبھی ناموس رسالت اور ختم نبوت پر سمجھوتہ کیا نہ کریں گے اور نہ ہی کسی اور کو کرنے دیں گے۔

☆پاکستان نظریاتی پارٹی بین الاقوامی سطح پر قانون سازی کروائے گی کہ (Freedom of Speech) آزادی اظہار کی Term کو Redefine کیا جائے کہ آپ کی شان میں گستاخی آزادی اظہار رائے کے زمرے میں نہیں آتی بلکہ ایسا کرنے والا سزا کا مستحق ہے۔

☆پاکستان نظریاتی پارٹی یہ قرارداد اقوام متحدہ میں لے کر جائے گی اور اس سلسلے میں تمام اسلامی اور غیر اسلامی ممالک میں وفود بھیجے جائیں گے۔

## 13-طلبہ تنظیموں کی بحالی

طلبہ تنظیمات سیاسی نرسریاں ہوتی ہیں جو ملک میں نئی قیادت کو متعارف کراتی ہیں لیکن بدنصیبی سے پچھلے 35 سالوں سے طلبہ تنظیموں پر پابندی عائد ہے اور جس کی وجہ سے موروثی سیاست کو مزید عروج ملا ہے۔

Self Made اور قابل سٹوڈنٹ لیڈرز اور سیاست دان منظر عام پر نہیں آ سکے جس کی وجہ

Scanned with CamScanner

سے ایک عام انسان جو صحیح معنوں میں عوام کے دکھ درد اور مسائل سے آگاہی رکھتا ہے اسے کبھی اسمبلی میں نمائندگی نہیں دی گئی پاکستان نظریاتی پارٹی طلبہ تنظیموں کی بحالی کو یقینی بنائے گی۔

## 14- عملی تعلیم وفنی تعلیم ومہارت (Practical Education, Skill Based Education and Technology)

☆ پاکستان نظریاتی پارٹی اس امر کو یقینی بنائے گی یونیورسٹیوں اور تعلیمی اداروں میں عملی تعلیم اور فنی تعلیم ومہارت کو فروغ حاصل ہو دنیا کے تمام ممالک کا معیار تعلیم اس طرز پر ہے کہ وہاں 60 فیصد عملی تعلیم اور کام سراہتا ہے اور 40 فیصد Theory ہوتی ہے۔ جبکہ ہمارے ہاں 20 فیصد سے بھی کم عملی تعلیم کی طرف دھیان دیا جاتا ہے اور تعلیمی اداروں میں فنی تعلیم نہ ہونے کے برابر ہے جس کی وجہ سے ہمارے نوجوانوں کو تعلیمی اداروں میں 16 سال کی تعلیم حاصل کرنے کے بعد اور ڈگریاں لینے کے بعد بھی کوئی ہنر یا فن نہیں آتا ہوتا اور وہ نوکریوں کی تلاش میں بے روزگار پھر رہے ہوتے ہیں۔

☆ PNP اس امر کو یقینی بنائے گی کہ ہمارے تعلیمی اداروں میں فنی اور عملی تعلیم کو فروغ حاصل ہو اور وہاں پر نوکر اور غلام کے بجائے مطابق زندگی کے تمام شعبوں میں Technology کو فروغ دینا شامل ہے۔

## 15- پولیس اور بیوروکریسی اصلاحات

کوئی بھی ملک اس وقت تک ترقی نہیں کرسکتا اور اس ریاست کے معاملات اور نظام حکومت

Scanned with CamScanner

صحیح طرح نہیں چل سکتا ہے جب تک وہاں پولیس اور انتظامیہ کے ادارے مکمل نظم وضبط اور سیاسی عمل دخل کے بغیر کام نہ کریں۔

انصاف کی فراہمی عام غریب تک تب ہی ممکن ہے جب ان اداروں میں سیاسی عمل دخل کو مکمل طور پر روکا جائے اور تب ہی انتظامیہ تمام قوانین اور پالیسیوں کو لاگو کرے اور ان کی عمل درآمد کو یقینی بنانے میں کامیاب ہوگی۔ پاکستان نظریاتی پارٹی ان اصلاحات پر کام کرے گی۔

## 16- تھانہ کچہری کلچر کا خاتمہ

عموماً ہمارے ہاں یہ دیکھنے میں آیا ہے کہ رپورٹ اور تفتیش کی کاروائی اس کے حق میں ہوئی ہے جس کا سیاست میں اثر ورسوخ ہو یا Ruling Party سے تعلق رکھنے والا ہو۔ جب تک ہم اپنے اداروں کو سیاسی عمل دخل سے پاک نہیں کرتے تب تک عام شہری تک انصاف کی فراہمی کو ممکن نہیں بنایا جا سکتا اور ملک میں لاقانونیت اور ناانصافی کا پرچار ہوتا ہے۔ پاکستان نظریاتی پارٹی اس کلچر کے خاتمے کیلئے پورا ماڈل دے گی کہ کس انداز میں یہ اصلاحات کی جائیں اور عام آدمی میں اُمید کی کرن جگائی جائے۔

## 17- صوبوں کی انتظامی تقسیم (Administrative Division)

پاکستان میں 22 کروڑ سے زیادہ کی آبادی پر مشتمل دنیا کا پانچواں بڑا ملک ہے مگر یہاں کا سب سے بڑا مسئلہ یہ کہ یہاں پر پاور کی تقسیم (Distribution of Power) آبادی کے تناسب کے حساب سے صحیح نہ ہو پائی جس کی وجہ سے حق دار کو صحیح معنوں میں اس کا

Scanned with CamScanner

حق نہیں ملتا پاکستان نظریاتی پارٹی اس بات کی قائل ہے کہ صوبوں کو (Administrative Division) کی بنیاد پر بنایا جائے اس سے صوبائیت کا خاتمہ بھی ہو سکے گا اور ہر عام آدمی تک سہولیات کی رسائی ممکن ہو گی ۔

## Health Policy -18

ہر تحصیل میں بہترین ہسپتال کا قیام یا اگر ہسپتال پہلے سے موجود ہے تو وہاں صحت کی بنیادی سہولیات کی فراہمی کے عمل کو یقینی بنانا پاکستان نظریاتی پارٹی کے منشور کا اہم حصہ ہے جنوبی پنجاب، سابق فاٹا، بلوچستان اور اندرون سندھ میں بہت سے مریض بڑے ہسپتالوں اور شہروں تک پہنچنے سے پہلے ہی وفات پا جاتے ہیں لہذا جب تک حکومت چھوٹے شہروں، تحصیلوں اور گاؤں کے ہسپتالوں میں صحت کی بنیادی سہولیات مہیا نہیں کرے گی معیار صحت کو بہتر نہیں کیا جا سکے گا۔

صحت پالیسی PNP کی اولیں ترجیحات میں شامل ہو گی۔

## 19-اقلیتوں کے حقوق

پاکستان ریاست مدینہ کے بعد وہ واحد ریاست ہے جسے اسلام کے نام پر حاصل کیا گیا اور اسلام اقلیتوں کو ان کے حقوق دینے کی تائید کرتا ہے۔

Scanned with CamScanner

☆ پاکستان نظریاتی پارٹی کی مرکزی کابینہ میں سکھ برادری کے ایک ممبر کو اقلیتی ممبر کے طور پر رکھا گیا ہے اور دیگر جماعتوں کی طرح اقلیتوں کے حقوق پر صرف نعرے بازی نہیں کی گئی بلکہ عملی طور پر کام کرنے کے حق میں ہے اور اقلیتوں کے نمائندوں کو اپنی پارٹی کی مرکزی کابینہ کا حصہ بنایا گیا ہے۔

## 20-روزگار کی فراہمی

پاکستانی نظریاتی پارٹی نے مختلف سکیمز تیار کی ہیں جس میں سے اہم ترین چائینہ کی طرز کی کاٹیج انڈسٹری (Cottage Industry) ہے۔ چائنہ نے اپنی اتنی بڑی تعداد کی آبادی کو بوجھ نہیں سمجھا بلکہ اسی تعداد سے زرمبادلہ اس (Cottage Industry) کے ذریعے کمایا اور گھر گھر میں ایسی چھوٹی انڈسٹریاں بنا کر دیں، لوگوں کو مہارت اور ہنر سکھائے گئے ان کی بنائی ہوئی چیزوں کو مارکیٹ میں بیچا گیا اور پوری دنیا میں ایکسپورٹ کیا گا جس سے ریاست اور عام آدمی دونوں کا فائدہ ہوا۔ پاکستان نظریاتی پارٹی روزگار کی فراہمی کیلئے یہ ماڈل پاکستان میں متعارف کرائے گی۔

## 21-میڈیا اینڈ انٹرٹیمنٹ (Media and Entertainment)

90ء کی دہائی تک بچوں کی تربیت میں اہم ترین کردار ٹی وی اور میڈیا نے بھی ادا کیا تھا اس وقت جو ڈرامے پی ٹی وی پر دکھائے جاتے تھے وہ خاندان کے سب بڑے چھوٹے مل کر دیکھتے تھے مگر بدقسمتی سے دورِ حاضر میں ہمارے نجی چینلز پر دکھائے جانے والے ڈرامے اور ان پروگرامز کو خاندان کے سب افراد مل بیٹھ کر ایک دوسرے کے ساتھ نہیں دیکھ سکتے۔

Scanned with CamScanner

ہم یہ چاہتے ہیں کہ اس طرح کے ڈرامہ سیریلز دوبارہ لائے جائیں جس سے قوم کی تربیت ہو جس طرح علامہ اقبال، ٹیپو سلطان، صلاح الدین ایوبی پر ڈرامے، فلمز اور ٹیلی فلمز بنی تھیں اس طرح کے اپنے ہیروز اور اکابرین کی زندگیوں پر مشتمل ڈرامے اور ڈاکومنٹری فلمز بنائی جانی چاہیئے۔ جس سے ہمارے بچوں کی تربیت ہو انہیں قومی زبان اور قومی لباس پر فخر ہو اور ہماری آج کی نسل میں پیدا ہونے والا (Identity Crisis) شناخت کا بحران ختم ہو۔ پاکستان نظریاتی پارٹی اس سلسلے میں اپنا اہم ترین کردار ادا کرنے کیلئے اور اپنی آنے والی موجودہ نسل کی نظریاتی تربیت کیلئے سرگرم رہے گی۔

## 22- قائد کا پاکستان، مکمل پاکستانی (مشرقی اور مغربی پاکستان)

☆ پچھلے تقریباً 75 سالوں سے لے کر اب تک جب سے پاکستان بنا، ریاست جونا گڑھ اور حیدر آباد دکن کا ذکر کسی سیاسی جماعت نے آج تک نہیں کیا جس پر پاکستان کا حق تھا اور بھارت اس پر قابض ہو گیا۔

☆ چند سیاست دانوں کی کرسی کی ہوس نے ہم سے پاکستان کا وہ حصہ بھی الگ کر دیا اور ہم نے اس حصے کو کھو دیا جو کہ ہمارے نزدیک ہم سے زیادہ محب وطن پاکستانی تھے، وہ لوگ آل انڈیا مسلم لیگ کے بانی تھے، وہ لوگ محترمہ فاطمہ جناح کی سب سے زیادہ حمایت کرنے والے تھے جو قائداعظم کی ایک آواز پر لبیک کہنے والے تھے پاکستان کیلئے شہادت دینے والے تھے۔

☆ ان مشرقی پاکستان کے لوگوں کو متنفر کیا گیا جس سے پاکستان دشمن قوتوں نے بھرپور فائدہ

Scanned with CamScanner

اُٹھایا اور ہم سے ہمارا ایک بازو الگ ہو گیا لہذا پاکستان نظریاتی پارٹی کی اولین ترجیحات میں یہ بات شامل ہو گی کہ پاکستان اور بنگلہ دیش (مشرقی پاکستان) کے مابین بہترین تعلقات کو استوار کیا جائے۔

☆ ہمیں جو چیز آج جوڑے رکھتی ہے اور ہمارے اندر کے سندھی، پنجابی، بنگالی، کشمیری، گلگت، بلتستانی اور پٹھان سے نکل کر ایک پاکستانی قوم بنا سکتی ہے اس قوت کا نام ہے اسلام ہم " لا الہ اللہ " کی بنیاد پر دوبارہ ایک ہوں گے اور ہمیں اللہ پر یقین ہے کہ ہم ایک مکمل پاکستان حاصل کرنے میں کامیاب ہو نگے۔

اُٹھ کہ اب بزم جہاں کا اور ہی انداز ہے
مشرق و مغرب میں تیرے دور کا آغاز ہے
(اقبال)

Scanned with CamScanner

PNP

پاکستان نظریاتی پارٹی

- جھنڈے میں موجود سنہرا رنگ روضہ امام حسین رضی اللہ عنہ کی نمائندگی کرتا ہے اور یہ ظاہر کرتا ہے کہ ہم کبھی باطل کے سامنے سرنگوں نہیں ہوں گے۔

- جھنڈے میں موجود سرخ رنگ تحریک پاکستان میں اپنی جانوں کی قربانی دینے والے شہیدوں اور پاکستان کی نظریاتی وجغرافیائی سرحدوں کی حفاظت کرنے والے شہداء کی نمائندگی کرتا ہے۔

- سبز رنگ پاکستان کا رنگ ہے اور گنبد خضریٰ کی نمائندگی کرتا ہے۔

**NAZRIYATI MARKAZ**

**Office 01, LG Floor, Emaan Heights,**
**Zaraj Housing Society, Islamabad,**
**44000, Pakistan.**
**Cell: 0308-2416103, 0301-560001**

Scanned with CamScanner